# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ مطالعات بین المذاہب)

**کورس کانام: بین المذاہب و مسالک ہم آہنگی اور رواداری کے رہنما اصول(4951)** **سمسٹر: خزاں،2026ء**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ** **کریڈٹ:3**

## ہدایات برائے طلبہ

**عزیز طلبہ ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ**

امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔ آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جا رہے ہیں۔ آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔

☆یونیورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے، اس سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔
2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔
3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفانہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔
4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی ماخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔
5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لیے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔
6. عربی عبارات کے لیے عربی فونٹ استعمال کیجیے۔
7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔
8. جواب لکھنے کے بعد نظرِ ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیثِ نبویہ اور املاء کی غلطیاں ناقابلِ قبول ہیں۔

9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف (PDF) فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو، میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بروقت ارسال کیجیے۔ (امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں)

☆ کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔

☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کورس رابطہ کار

عثمان علی شیخ

لیکچرر، شعبہ مطالعات بین المذاہب

# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:**

1۔ **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

2۔ **کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: بین المذاہب و مسالک ہم آہنگی اور رواداری کے رہنما اصول (4951) — سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ) — کریڈٹ: 3

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 — **(یونٹ نمبر 1–4)** — کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ مذہب انسانی فطرت کا تقاضا ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ بین المذاہب و مسالک رواداری کے لیے کون کون سے اہم اقدامات کیے جا سکتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 3۔ قرآن و سنت کی روشنی میں بین المذاہب اتحاد و یگانگت کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مسیحیت کا تعارف پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ رسول اللہ ﷺ کے عہدِ مبارک کے اختلاف رائے کی نوعیت بیان کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 | **(یونٹ نمبر 5-9)** | کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ فرقہ پرستی کے بنیادی محرکات میں سے ایک فضائل صحابہ و اہل بیت پر بحث و مباحثہ ہے، وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ فرقہ وارانہ مفاد پرستی مسلمانوں کے لیے نقصان دہ کیوں ہے؟ واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ انسانی حرمت کی اسلامی تعلیمات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مکالمہ بین المذاہب کے مقاصد بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ پاکستان میں اسلامی آئین سازی سے متعلق علماء و مشائخ کے کردار پر نوٹ لکھیں۔ (20)